ادارہ

مسافرانِ آخرت

● **حضرت مفتی کلیم اللہ صاحب رحمہ اللہ:**

ایک عالم باعمل جس نے تمام عمر علم دین کے درس وتدریس میں گزار دی۔ میلسی ضلع وہاڑی سے تعلق تھا اور ایک طویل عرصہ جامعہ تعلیم القرآن میلسی میں مدرس رہے۔ شہرت اور نام ونمود سے کوسوں دور گمنامی میں زندگی گزارنے والے اللہ تعالیٰ کے ایک صالح بندے تھے۔ کچھ عرصہ مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن بھی رہے۔ حضرت سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ کے معتمدین میں سے تھے۔ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

● **ڈاکٹر منظور احمد صاحب مرحوم:**

مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن ڈاکٹر منظور احمد صاحب (ساکن عزیز فہم، مترو ضلع وہاڑی) ۱۴ر جون کو انتقال کر گئے۔ مرحوم چند برس سے عارضہ قلب میں مبتلا تھے۔ وہ مجلس احرارِ اسلام کے ایک وفادار ایثار پیشہ اور مخلص کارکن تھے۔ انتہائی صالح اور بالغ نظر تھے۔ مجلس شوریٰ میں ان کی رائے اور مشورے کو ہمیشہ اہمیت دی گئی۔ ان کی نمازِ جنازہ امیرِ احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے پڑھائی۔

● **دختر قاری عبداللطیف صاحب (مدینہ منورہ):**

ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم قاری عبداللطیف صاحب ملتانی (مقیم مدینہ منورہ) کی جوان بیٹی گزشتہ ماہ بجلی کا کرنٹ لگنے سے انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کے چار بچے ہیں۔ محترم قاری صاحب اور ان کے خاندان کو اس حادثہ سے شدید صدمہ پہنچا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے، آمین۔

● **کپتان فیض بخش مرحوم:**

تقسیم ہند سے قبل حضرت امیر شریعت سے تعلق قائم ہوا اور مجلس احرار اسلام سے وابستہ ہو گئے۔ کپتان اسی نسبت سے کہلائے کہ احرار رضا کاروں کو پریڈ کراتے تھے۔ طویل عمر پائی، گزشتہ ماہ ملتان میں انتقال ہوا۔

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت وایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں ارا کین ادارہ تمام مرحومین کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعائیں کرتے ہیں اور اظہارِ ہمدردی کرتے ہیں۔

(ادارہ)